## عوام،حسن مثنیٰ علوی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔25مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسن مثنیٰ علوی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اورنوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ حسن مثنیٰ علوی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ حسن مثنیٰ علوی گزشتہ کئی دنوں سے علیل ہیں اورشدیدعلالت کے باعث ان دنوں مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## حقوق کے حصول تک ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رکھے گی،انورعالم
## ناظم آبادگلبہاراورنارتھ ناظم آبادسیکٹرزمیں جنرل ورکرزاجلاسوں سے خطاب

کراچی۔۔۔24مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک بھر کے 98، فیصدغریب ومتوسط طبقے کےعوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہےاورحقوق کے حصول تک ایم کیوایم کی پرامن جمہوری جدوجہد جاری رہے گی۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روزایم کیوایم ناظم آبادگلبہاراورنارتھ ناظم آبادسیکٹرز میں منعقدہ جنرل ورکرزاجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قیام کے ساتھ ہی اس کے خلاف نت نئی سازشوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا تھااور جیسے جیسے ایم کیوایم کاحق پرستانہ پیغام ملک بھرکےعوام میں تیزی سے مقبول ہوتا جارہا ہےاس کے خلاف سازشوں میں شدت آتی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جوجاگیردارانہ،وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کا حصہ نہیں ہےاورچاہتی ہے کہ ملک سےفرسودہ نظام کا خاتمہ ہواورملک بھرکےغریب ومتوسط طبقے کےعوام کوان کے حقوق میسرہوں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصداقتدارکاحصول نہیں بلکہ عوام کی خدمت ہےاورایم کیوایم کے کارکنان دکھی انسانیت کی خدمت عبادت سمجھ کرادا کررہے ہیں۔انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحادبرقراررکھیں،ایم کیوایم کے پیغام کےفروغ کیلئے اپنی تمام ترصلاحیتیں استعمال کریں اورایم کیوایم کے خلاف کی جانے والی سازشوں سےعوام کوآگاہ کریں۔

## ایم کیوایم پنجاب تحصیل صادق آباد کے آرگنائزراورایم کیوایم پی آئی بی،نارتھ کراچی
## اورناظم آبادگلبہارسیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔24مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب کی تحصیل صادق آباد کے آرگنائزرشمس الدین کی والدہ محترمہ،ایم کیوایم پی آئی بی کالونی یونٹ 56 کے کارکن خواجہ کلیم الحسن کی والدہ محترمہ حسیبہ بی بی ،ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن لئیق احمد کی والدہ محترمہ بشیرن،ایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹر یونٹ 179 کے کارکن سیدفہیم حیدر رضوی کے بڑے بھائی سیدوسیم حیدررضوی اورایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن اعظم بیگ کے والدبشیر بیگ کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔( آمین )

## گلشن اقبال بلاک 4 کے عظیم خان گبول گوٹھ کی جھگیوں میں آتشزدگی
## حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری اور ایم کیوایم کے کارکنان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے
## متاثرہ افراد کو جھگیوں سے نکالا اور انہیں قریبی اسکول کی عمارت میں منتقل کیا

کراچی۔۔۔25، جولائی 2007ء

گلشن اقبال بلاک 4 کے عظیم خان گبول گوٹھ کی جھگیوں میں آتشزدگی کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری، یوسی 11 کے حق پرست یوسی ناظم اور کارکنان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اورانہوں نے فوری طور پر امدادی سرگرمیاں انجام دیں۔اس موقع پرانہوں نے آگ بجھانے کے علاوہ متاثرین کو جھگیوں سے نکالا اور انہیں قریبی اسکول کی عمارت میں منتقل کیا۔آتشزدگی سے متاثرہ افراد نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگر ایم کیوایم کے کارکنان بروقت پہنچ کر امدادی سرگرمیاں انجام نہ دیتے تو آتشزدگی سے جانی و مالی نقصان ہونے کا اندیشہ تھا۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی کے سابق ذمہ دار شاہداللہ انتقال کر گئے
## اے پی ایم ایس او کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، مئی 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ کے سابق ذمہ دار شاہداللہ منگل کے روز مقامی اسپتال میں انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) شاہداللہ مرحوم کی عمر 30 سال تھی اور وہ گزشتہ کئی روز سے گردن توڑ بخار کے باعث لیاقت نیشنل اسپتال کراچی میں زیر علاج تھے جہاں ڈاکٹران کا علاج کر رہے تھے تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور آج اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔مرحوم کے سوگواران میں والدین، بہن اور بھائی شامل ہیں۔دریں اثناء آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی تنظیم نو کمیٹی اور جامعہ کراچی یونٹ کے ذمہ داران نے شاہداللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

## جامعہ کراچی کے سابق ذمہ دار شاہداللہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، مئی 2007ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ کے سابق ذمہ دار شاہداللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا اسٹیٹ لائف کارپوریشن میں ہونے والے الیکشن سے کوئی تعلق نہیں، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔25، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن میں ہونے والے الیکشن سے ایم کیوایم کوئی تعلق نہیں ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بعض عناصر کی جانب سے اس قسم کی افواہیں پھیلائی جارہی ہیں کہ اسٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن میں 26 جولائی کو ہونے والے الیکشن میں لیبر ڈویژن کسی یونین کی حمایت کررہی ہے۔انہوں نے واضح الفاظ میں ان افواہوں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم لیبر ڈویژن اسٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن کے الیکشن میں حصہ نہیں لے رہی ہے۔

☆☆☆☆☆